© rasailojaraid.com

دین و اخلاق کی تعلیم سب کچھ ایسے شربتِ روح افزا میں گھول کر بچوں کے سامنے رکھا جاتا ہے کہ اگر بڑے دیکھ پائیں تو وہ بھی جام کے جام چڑھا جائیں ۔ ہمارے ہاں بھی گھر کے سبھی لوگوں نے اسے پڑھا ۔ حسبِ معمول!

افسوس ہے کہ میری علالت تبصرے میں مانع رہی ۔ اور اب بھی میں تھوڑے سے وقت میں بہت سے کام کو نمٹانے پر مجبور ہوں ۔ اس لیے خاص نمبر کی دلچسپ نگارشات کا تفصیلی تعارف نہیں کرا سکا ۔

حکیم صاحب اور برکاتی صاحب اور ہمدرد نونہال کو پڑھنے والے آٹھ سالہ بچوں سے لے کر ساٹھ سالہ بچوں تک سب سے معذرت — اور درخواستِ دعا!

---

**بچوں کی کتابوں کے مصنفین** | ترتیب بہ اہتمام نیشنل بک کونسل آف پاکستان ۔ ناشر: جناب ذوالفقار احمد صاحب تابش ، دیباچہ نگار: جناب میرزا ادیب ۔ خوبصورت ٹائیٹل ۔ قیمت: ۱۸/- روپے ۔

یہ ایک ڈائرکٹری ہے جس میں بچوں کے لیے نثر یا نظم میں لکھنے والے (کم یا زیادہ) مصنفین کے ناموں کو ابجدی ترتیب اور ان کے پتوں کے ساتھ درج کر کے ان کی کتابوں کے نام درج کیے گئے ہیں ۔ مشکل ہی سے کوئی نام چھوٹا ہوگا ۔

بک کونسل کئی مفید خدمات انجام دے چکی ہے ، جن میں یہ تازہ اضافہ بہت قابلِ قدر ہے ۔

---

**عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا لٹریچر** | مختلف اصحاب کے پمفلٹ ۔ ناشر: عالمی مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوت ۔ حضوری باغ روڈ ، ملتان ، پاکستان ۔

مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوت کی تحریری و تقریری خدمات کے علاوہ عملی کارگذاریوں اور قید و بند اور مباہلوں وغیرہ کی داستان اتنی طویل ہے کہ مجلس اور اکابر تعارف سے بالاتر ہیں ۔ اس وقت

© rasailojaraid.com